CHARITY COMMISSION

ملک شام کا
تعاون
محفوظ طریقے سے کریں

پُرخطر اور غیر محفوظ ماحول میں کام کرنے کا تجربہ رکھنے والی رجسٹرڈ چیریٹیز کو عطیہ دیں

مزید معلومات کے لئے ہماری ویب سائٹ www.charitycommission.gov.uk/7772 پر جائیں

ملک شام کو عطیہ دینے کے متعلق مشورہ محفوظ طریقے سے

شام میں تصادم سے متاثرہ لوگوں کی مدد کرنے کے لئے انسانیت پسندانہ اعانت کی واقعی اور بے لاگ ضرورت ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ لوگ فراخدلانہ طور پر عطیہ دیتے رہیں، اور انہیں اس بات کی جانکاری ہونے پر طمانیت کا احساس ہو کہ ان کے عطیات انتہائی ضرورتمند لوگوں کے پاس جا رہے ہیں۔ زیادہ پُرخطر، غیر محفوظ اور خطرناک ماحول میں کام کرنے کا تجربہ رکھنے والی رجسٹرڈ چیریٹیز کو عطیہ دے کر، آپ اس بات کا اطمینان رکھ سکتے ہیں کہ آپ کا عطیہ مناسب طریقے سے استعمال ہوگا۔

ہمیں معلوم ہے کہ بدقسمتی سے ایسے بھی لوگ موجود ہیں جو چیریٹیز کے نام اور کام کا غلط استعمال کرتے ہیں اور فنڈز کو فریب کارانہ طور پر مجرمانہ مقاصد کے لئے تبدیل کردیتے ہیں۔ یہ وہ اقدام ہیں جنہیں اپنا کر آپ یہ یقینی بنا سکتے ہیں کہ آپ کی رقم صحیح جگہ پہنچ جاتی ہے:

- عطیہ دینے سے پہلے، www.charitycommission.gov.uk پر آن لائن رجسٹرڈ چیریٹیز پر اس چیریٹی کا نام اور/یا رجسٹرڈ نمبر درج کرکے چیریٹی کمیشن کے ساتھ اس چیریٹی کے رجسٹرڈ ہونے کی جانچ کرلیں ('Find charities' پر کلک کریں)۔
- چیریٹی اکٹھا کرنے والے حقیقی افراد کو ایک شناختی بلّا لگائے ہونا چاہیے، ایک موزوں مقامی اتھارٹی یا پولیس لائسنس پیش کرنے پر قادر ہونا چاہیے، ان کے پاس کلیکشن کا ایک مہربند ڈبہ ہونا چاہیے اور انہیں یہ ثابت کرنے کا اہل ہونا چاہیے کہ اکٹھا کرنے کے لئے ان کے پاس چیریٹی کی اجازت موجود ہے۔
- کلیکشن والے لفافوں اور ملبوسات کے تھیلوں سمیت، دستاویزی شہادت میں ناقص قواعد اور املا کے تئیں ہوشیار رہیں۔
- ای میلز کا جواب دینے یا ان میں موجود لنکس پر کلک کرنے کے وقت محتاط رہیں۔ مشتبہ نظر آنے والے ای میلز میں "جا بجا کلک" نہ کریں۔ اگر آپ آن لائن عطیہ دینا چاہتے ہیں تو، اپنے ہوم صفحہ سے چیریٹی کی ویب سائٹ کا پتہ درج کریں۔
- اگر عطیات کی درخواست کی قانونی حیثیت کے بارے میں آپ کو کوئی تشویشات لاحق ہیں تو، بلا جھجک اس چیریٹی سے براہ راست رابطہ کریں۔ کسی ایسی اپیلوں سے محتاط رہیں جس میں رابطے کی تفصیلات فراہم نہیں کرائی گئی ہیں۔ آپ کو چیریٹیز کے حقیقی رابطے کی تفصیلات ان کی ویب سائٹوں پر یا رجسٹر آف چیریٹیز میں مل سکتی ہیں، جو چیریٹی کمیشن کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔
- اگر آپ کو اس بابت شبہہ ہو کہ شاید فنڈ ریزنگ کے گھوٹالے کے ذریعہ آپ کو نشانہ بنایا گیا ہے آپ کو 0300 123 2040 پر کال کرکے یا www.actionfraud.police.uk ملاحظہ کرکے ایکشن فراڈ کو اس کی اطلاع دینی چاہیے۔